پریس ریلیز

# دی بینک آف پنجاب 1LINK پر تھریٹ انٹیلی جنس پلیٹ فارم (1TIP) کی خدمات حاصل کرنے والا پہلا بینک بن گیا

دی بینک آف پنجاب نے 1LINK کے ساتھ تھریٹ انٹیلی جنس سروسز حاصل کرنے کے لیے معاہدے پر دستخط کر دیئے۔ جو کہ ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرے گا جس پر سائبر حملوں کے اشاروں، تھریٹ انٹیلی جنس، فنانشل فراڈ کی معلومات اکٹھی، شیئر، سٹور کی جائیں گی۔

1TIP میں شمولیت کے ساتھ بی او پی پاکستان کا پہلا بینک بن چکا ہے جو 1LINK تھریٹ انٹیلی جنس پلیٹ فارم کے ساتھ آن بورڈ ہے۔ معاہدے کی تقریب بی او پی ہیڈ آفس لاہور میں منعقد ہوئی جس میں دونوں جانب سے کئی ایگزیکٹوز نے شمولیت اختیار کی۔

دی بینک آف پنجاب کی نمائندگی زاہد مصطفیٰ، گروپ چیف کنزیومر اینڈ ڈیجیٹل بینکنگ گروپ بی او پی جبکہ 1LINK کی نمائندگی نجیب اگرہ والا چیف ایگزیکٹو آفیسر 1LINK پرائیوٹ لمیٹڈ نے کی۔